# JAMIYAT PUNJABI SAUDAGRAN-E-DELHI

Jamiyat House: 9 Faran Society, Hyder Ali Road, Karachi.
34135826-29, /0321-2898200, 0330-2898500
info@jpsd.org.pk www.jpsd.org.pk
www.facebook.com/jpsd.official

JPSD


تاریخ 13 جنوری 2024ء

مکری ومحترمی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔السلام علیکم

مرکزی مجلس عامہ کے ۷۴ ویں جلسہ عام وانتخابات کی دو علیحدہ نشستیں منعقد ہونگی۔صدارت، صدر جمعیت جناب ابرار احمد کلکتہ والے کریں گے۔

پہلی نشست۔۔سالانہ جلسہ عام 5:00 بجے شام، بروز جمعۃ المبارک 2 فروری 2024ء

بمقام۔۔۔۔(مرکزی دفتر) جمعیت ہاوس، 9 فاران سوسائٹی، حیدر علی روڈ کراچی

## ایجنڈہ حسب ذیل ہے

1۔ تلاوت کلام پاک۔ 2۔ قرارداد یادرفتگان 3۔ پیغام تہنیت، (شاخ لاہور)

4۔ 73 ویں جلسہ عام، منعقدہ 27 جنوری 2023ء کی روداد برائے سماعت وتوثیق۔

5۔ کارکردگی رپورٹ برائے منظوری، منجانب آنریری جنرل سیکریٹری۔

6۔ مرکزی جمعیت مع شاخ لاہور کے آڈٹ شدہ حسابات بابت مالیاتی سال 23-2022ء برائے منظوری۔

7۔ مرکزی جمعیت، مالیاتی سال 24-2023 کے لیے آڈیٹرز (چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس) کے تقرر کی منظوری۔

8۔ جمعیت شاخ لاہور، مالیاتی سال 2024-2023 کے لیے آڈیٹرز (چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس) کے تقرر کی منظوری۔

9۔ انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کا تعارف من جانب ناظم الیکشن

10۔ خطبہ صدارت منجانب صدر، جمعیت پنجابی سوداگران دہلی (مرکز) کراچی۔

11۔ دیگر امور بہ اجازت صدر 12۔دُعا

## نوٹ:

۱۔ سالانہ آڈٹ شدہ حسابات ویب سائٹ www.jpsd.org.pk پر Upload کردیئے گئے ہیں۔

۲۔ آڈٹ اکاؤنٹس رپورٹ اراکین کوارسال کی جارہی ہے۔اکاؤنٹس کے سلسلے میں کسی قسم کی معلومات درکار ہوں تو 27 جنوری 2024، صبح گیارہ بجے سے دوپہر ساڑھے بارہ بجے کے درمیان دفتر جمعیت سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

۳۔ آڈٹ اکاؤنٹس نہ ملنے کی صورت میں اراکین کتابی شکل میں، دفتر جمعیت سے حاصل کرسکتے ہیں۔

۴۔ چھ بجے تک کورم نہ ہونے کی صورت میں جلسہ عام ملتوی متصور ہوگا (دفعہ 14 ذیلی دفعہ 1) اور ملتوی شدہ اجلاس اسی تاریخ اور اسی مقام پر سوا چھ بجے شروع ہوگا۔اجلاس کی صدارت صدر جمعیت جناب ابرار احمد کلکتہ والے کریں گے، ملتوی شدہ اجلاس کورم سے مستثنٰی ہوگا (دفعہ 14 ذیلی دفعہ 3)

## دوسری نشست۔۔مجلس منتظمہ کی تیرہ خالی نشستوں پر انتخاب بذریعہ ووٹ

☆ تاریخ ودن۔ بروز اتوار 4 فروری 2024

☆ بمقام۔ ڈی ایم ایس ریاض مسجد، متصل ہنر فاونڈیشن، دہلی مرکنٹائل سوسائٹی، کراچی۔

☆ اوقات کار۔ صبح 9 بجے تا شام 5: بجے تک بلا وقفہ۔

☆ نتائج کا اعلان ناظم الیکشن۔

☆ اجلاس کے اختتام کا اعلان اور شکریہ منجانب صدر اجلاس۔

محمد طلحہ عبدالمالک (آنریری جنرل سیکریٹری)

سہیل احمد (پرنسپل سیکریٹری)

# انتخابات 4 فروری 2024ء

## حق رائے دہی کیلئے قواعد وضوابط اور طریقہ کار

**انتخابی عمل شروع ہونے سے اختتام تک انتخابی پنڈال الیکشن کمیشن کی عمل داری ہے، اور صرف ووٹ ڈالنے کے لئے ہے، لہٰذا ووٹر حضرات پنڈال میں غیر ضروری نہ رُکیں۔**

مجلس منتظمہ جمعیت پنجابی سوداگران دہلی نے شفاف اور غیر جانبدار انتخابات کے لئے مکمل مختار و مجاز ناظم انتخابات کا تقرر کیا ہے۔ ناظمِ انتخابات اور کمیٹی نے پرسکون ماحول میں انتخابات کے انعقاد اور ووٹرز کی رائے کے عین مطابق منصفانہ نتائج کے اعلان کے لئے قواعد وضوابط ترتیب دیئے ہیں۔ جن کی امیدوار، ووٹر اور تمام متعلقین کی طرف سے مکمل اور لازمی پابندی ہی الیکشن اور نتائج کو مثالی بنائے گی۔

۱۔ مجلس منتظمہ JPSD کی فراہم کردہ ووٹر لسٹ کے مطابق ووٹنگ کروائی جائے گی۔

۲۔ ووٹر لسٹ میں ترمیم، تصحیح الیکشن کمیٹی کی ذمہ داری نہیں ہے اور نہ ہی اختیار اور نہ ہی انتخابی عمل کے دوران یہ ممکن ہوگا۔ کسی بھی اعتراض کے لئے مجاز فورم مجلس منتظمہ JPSD ہے، جس کے لئے دفتر جمعیت میں درخواستیں / شکایات جمع کرائی جاسکتی ہیں۔

۳۔ انتخابی پنڈال میں داخلے کے لیے نادرا کا جاری کردہ اصل شناختی کارڈ (ORIGINAL CNIC)، اصلی پاسپورٹ، کمپیوٹرائزڈ ڈرائیونگ لائسنس یا تصویر والی سرکاری دستاویز جس پر CNIC نمبر موجود ہو گیٹ پر موجود عملہ کو دکھائیں۔

**نوٹ: فوٹو کاپی یا غیر سرکاری دستاویز قابل قبول نہیں۔**

۴۔ مجلس عامہ کے ہر ممبر کو صرف ایک ووٹ کا حق حاصل ہے۔ خواہ کسی بھی وجہ سے ووٹر لسٹ میں ایک سے زیادہ مرتبہ اس کا نام او ممبر شپ نمبر درج ہو (ایک .C.N.I.C پر ایک ہی ووٹ کا حق ہوگا)۔

۵۔ آپ کو اپنا رکنیت نمبر معلوم نہیں تو متعلقہ کاؤنٹر سے اپنا رکنیت نمبر حاصل کر کے ولدیت اور پتہ سے تصدیق کرالیں تا کہ ملتے جلتے ناموں کی وجہ سے غلطی نہ ہو اور اگلے کاؤنٹر پر دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

۶۔ حقِ رائے دہی استعمال کرنے کے لئے بذریعہ بیلٹ پیپر یا کمپیوٹر (Manual یا E-voting) دونوں کاؤنٹر موجود ہونگے، فیصلہ آپ نے کرنا ہے کہ بذریعہ بیلٹ پیپر یعنی (Manual) کے ذریعے یا کمپیوٹر سے ووٹ ڈالنا ہے، پسند کے مطابق متعلقہ کاؤنٹر سے رجوع کریں۔

## بذریعہ بیلٹ پیپر Manual ووٹنگ: 13 ووٹ دینا لازمی ہے۔

۷۔ کاؤنٹر پر موجود عملہ کو اپنا اوریجنل شناختی کارڈ اور رکنیت نمبر دیں، تصدیق کے بعد عملہ آپ سے **VOTER'S I.D. COUPON** پر بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کا نشان لے کر، ناظم انتخابات کا مُہر شدہ بیلٹ پیپر جاری کرے گا۔ بیلٹ پیپر کے اجراء کے وقت بائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر سیاہی سے نشان لگایا جائے گا۔

۸۔ بیلٹ پیپر لے کر بوتھ میں چلے جائیں، جس امیدوار کو ووٹ دینا چاہتے ہیں، ان کے نام کے آگے خالی خانہ میں مُہر (**STAMP**) لگائیں، اسٹامپ پیڈ اور مُہر بوتھ میں موجود ہے۔ جن کو ووٹ دینا نہیں چاہتے ان کے آگے ووٹ کا خانہ خالی چھوڑ دیں۔


۹۔ **13 ووٹ دینا لازمی ہے۔ 13 سے کم یا 13 سے زیادہ ووٹ والا بیلٹ پیپر مسترد ہو جائے گا۔**

۱۰۔ بیلٹ پیپر پر نام لکھنے، دستخط کرنے، کاٹ چھانٹ کرنے، مُہر (STAMP) کے علاوہ دوسرا نشان فونٹین پین، بال پین، پنسل، مارکر وغیرہ استعمال کرنے یا تحریر لکھنے یا گندہ کرنے سے بیلٹ پیپر مسترد ہو جائے گا اور شمار نہیں ہوگا۔

۱۱۔ مہر لگانے کے بعد احتیاط سے بیلٹ پیپر فولڈ FOLD کریں اور SEALED BALLOT BOX میں خود ڈالیں۔ فولڈ کرنے سے پہلے STAMP INK کے خشک ہو جانے کا یقین کر لیں۔

۱۲۔ کسی غلطی یا بیلٹ پیپر خراب ہو جانے کی صورت میں ناظم انتخابات یا ان کے نمائندے اپنے دستخطوں سے ایک اور بیلٹ پیپر جاری کرنے کے مجاز ہوں گے۔ جو خراب بیلٹ پیپر واپس جمع کرانے پر جاری ہوگا۔ یہ سہولت صرف ایک مرتبہ میسّر ہوگی۔

۱۳۔ مُہر (STAMP) احتیاط سے استعمال کریں، مُہر خانہ کے اندر ہو۔ دو (2) خانوں پر لگی مُہر والا بیلٹ پیپر مُسترد کر دیا جائے گا۔ تاہم ووٹ کو مسترد یا قبول کرنے کے فیصلے کا اختیار ناظم انتخابات یا ان کے نمائندے کو حاصل ہوگا۔




۱۴۔ اگر ریکارڈ کے مطابق ووٹ ڈل چکا ہے، مگر ووٹر کا اصرار ہے کہ اس نے ووٹ نہیں ڈالا اور ویڈیو ریکارڈنگ سے بھی فوری تصدیق ممکن نہیں ہو رہی ہو تو اس صورت میں لازماً ریکارڈ کو ہی درست تسلیم کیا جائے گا اور اس وقت کوئی عذر سُنا نہیں جا سکے گا۔

# ہدایات برائے کمپیوٹر ووٹنگ E-VOTING

## ووٹ کاسٹ کرنے کیلئے آپ کے پاس **5** منٹ کا وقت ہے۔

## E-POLLING کے لئے **13** ووٹ دینا لازمی ہے۔

**جن 13 امیدواروں کو آپ نے ووٹ دینا ہے ان کے نمبر اپنے پاس نوٹ کرلیں تاکہ وقت ضائع نہ ہو۔**

۱۵۔ ای ووٹنگ کاؤنٹر پر اپنا ممبرشپ نمبر اور نادرا کا جاری کردہ اوریجنل شناختی کارڈ دیں۔ جسے کمپیوٹر میں ENTRY کے بعد آپ سے VOTER'SI.D.COUPON پر بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کا نشان لیا جائے گا اور بائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر سیاہی سے نشان لگایا جائے گا۔

۱۶۔ کاؤنٹر سے SECRET CODE جاری کیا جائے گا۔

۱۷۔ کمپیوٹر سیکشن میں موجود COMPUTER/LAPTOP پر جا کر SECRET CODE کو ENTER کریں۔ آپ کو 13 خانوں پر مشتمل اسکرین نظر آئے گی۔ اپنے 13 نمائندوں کا انتخاب کرکے 13 سیریل نمبر خانوں کے نیچے INPUT کریں۔ آپ کے سامنے موجود BOX میں امیدوار کا نام اور تصویر دونوں آجائیں گے۔

۱۸۔ اگر آپ مطمئن ہیں کہ جن امیدواروں کو ووٹ دینا ہے انہی کو دیا ہے تو SAVE کا بٹن دبائیں۔ اگر آپ 13 امیدواروں میں کسی ایک یا سب کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو CANCEL کا بٹن دبا کر دوبارہ اپنی مرضی کے سیریل نمبر ENTER کردیں اور دوبارہ SAVE کا بٹن دبائیں۔ خیال رہے کہ SAVE کرنے کے بعد کوئی تبدیلی ممکن نہ ہو سکے گی۔

۱۹۔ SAVE کرنے پر، پرنٹر سے ایک SLIP ملے گی۔ جس سے تصدیق کر سکتے ہیں کہ آپ نے انہی امیدواروں کو ووٹ دیا ہے۔ اس SLIP کو فولڈ کرکے SEALED BALOT BOX میں ڈال دیں۔ تاکہ ضرورت پڑنے پر کمپیوٹر رزلٹ کی PHYSICAL VERIFICATION بھی ہو سکے۔

۲۰۔ اگر **5** منٹ میں ووٹ نہ ڈال سکے تو سسٹم از خود Automatically آپ کو باہر کر دیگا۔ آپ اپنا کوڈ لے کر واپس کمپیوٹر ووٹنگ پر جائیں، وہاں سے آپ کو ایک بار پھر چانس دیا جائے گا۔ اس بار بھی ناکامی کی صورت میں سیکرٹ کوڈ واپس کردیں، غیر مستعمل (UNUSED) ہونے کی تصدیق ہو جانے پر آپ کو مینیول (Manual) ووٹنگ کیلئے بیلٹ پیپر جاری کر دیا جائے گا تاکہ آپ اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکیں۔

مسعود نقی اللہ والا
ناظم الیکشن

# سالانہ انتخابات مجلس منتظمہ جمعیت پنجابی سوداگران دہلی

## برائے 04 فروری 2024ء کی 13 نشستوں کے لیے 39 اُمیدواروں کی حتمی فہرست

| بیلٹ نمبر | ممبری نمبر | نام معہ ولدیت |
|---|---|---|
| 1 | 1942 | طارق الیاس ڈالرانک والے ولد محمد الیاس ڈالرانک والے |
| 2 | 658 | ندیم الیاس کیمیکل والے ولد حافظ الیاس احمد کیمیکل والے |
| 3 | 326 | سلطان صلاح الدین بمبئی والے ولد فیروز الدین بمبئی والے |
| 4 | 102-S | محسن عثمان (فخر قوم) ولد ایس ایم عثمان |
| 5 | 3573 | منصور الیاس کراچی والے ولد محمد الیاس جاوید کراچی والے |
| 6 | 6190 | افتخار احمد موتی والے ولد ممتاز احمد موتی والے |
| 7 | 5701 | حافظ سعد احمد ٹینٹ والے ولد خلیفہ انوار احمد ٹینٹ والے |
| 8 | 780 | جنید عاقلین ایڈووکیٹ (کپڑے والے) ولد محمد عاقلین (مرحوم) کپڑے والے (بھائی چھما) |
| 9 | 8951 | شکیل صدیق مہرالٰہی ولد صدیق احمد مہرالٰہی |
| 10 | 7401 | خلیفہ علی اقبال ٹینٹ والے ولد خلیفہ اقبال احمد صابن والے (مرحوم) |
| 11 | 9555 | محمد جنید عادل شمسی (جنی) ولد محمد عادل ڈھاکہ والے |
| 12 | 4351 | محمد عامر یوسف منیجر کلکتہ والے ولد محمد یوسف منیجر کلکتہ والے (مرحوم) |
| 13 | 98-S | منصور سلیمان عزیز (فخر قوم) ولد ایس ایم سلیمان عزیز مرحوم (فخر قوم) |
| 14 | 381 | ابرار احمد کلکتہ والے ولد ریاض الدین کلکتہ والے |
| 15 | 34-S | عدیل ناصر الیاس پریس والے ولد ناصر الیاس پریس والے |
| 16 | 1029 | عتیق الرحمٰن اللہ والے ولد انیس الرحمٰن اللہ والے |
| 17 | 5909 | آفتاب احمد شیشے والے ولد محمد یوسف شیشے والے |
| 18 | 4292 | رئیس احمد کھلونے والے ولد محمد احمد کھلونے والے |
| 19 | 3104 | انوار اعظم سوت والے ولد محمد عاقل سوت والے (مرحوم) |
| 20 | 782 | ایس ایم اسحاق چاندنہ ولد محمد فاروق کلکتہ والے (مرحوم) |

| بیلٹ نمبر | ممبری نمبر | نام بمعہ ولدیت |
|---|---|---|
| 21 | 8046 | محمد ہارون نیر منیجر کلکتہ والے ولد محمد یعقوب منیجر کلکتہ والے |
| 22 | 10041 | وقاص احمد گندھک والے ولد شکیل احمد گندھک والے |
| 23 | 195-S | احمد فیصل سلیم نمبردار ولد سلیم احمد شیخ نمبردار |
| 24 | 179-S | منصور الیاس فتحپوری ولد محمد الیاس فتحپوری |
| 25 | 214 | عمران سعید باغپتی ولد سعید احمد باغپتی |
| 26 | 60-S | محمد سلیم فاروقی ولد محمد فاروق رنگ والے |
| 27 | 257 | حافظ فضل ربی ولد نفیس الرحمٰن (مرحوم) |
| 28 | 1531 | سلیم احمد بٹلہ ولد محمد نسیم بٹلہ |
| 29 | 168 | جمیل احمد کپڑے والے ولد حافظ عطاالرحمٰن کپڑے والے |
| 30 | 655 | خورشید احمد باغپتی ولد عبدالخالق باغپتی (مرحوم) |
| 31 | 4797 | محمد علی شرفانہ ولد شکیل احمد وانا |
| 32 | 9536 | عزیز اللہ والا ولد محمد سعید اللہ والا |
| 33 | 4702 | منصور متین چشمہ والے ولد عبدالمتین چشمہ والے (مرحوم) |
| 34 | 1133 | محمد سلمان اسحٰق کشتی والے ولد محمد اسحٰق کشتی والے (مرحوم) |
| 35 | 2218 | ریحان فیروز ولد فیروز الدین گلاس ویئر والے |
| 36 | 2465 | سعید یوسف پانی والے ولد محمد یوسف پانی والے |
| 37 | 1299 | عمران احمد لوہیا ولد عطاالرحمٰن لوہیا (مرحوم) |
| 38 | 2971 | سہیل فیروز اللہ والے ولد فیروز احمد اللہ والے (مرحوم) |
| 39 | 6773 | ذیشان فضل اللہ والے ولد فضل احمد اللہ والے |

مسعود نقی اللہ والا
ناظم الیکشن